# کینیڈا میں پناہ گزینی کے دعوے

کیا آپ اپنے وطن واپس جانے سے ڈرتے ہیں؟ آپ کینیڈا میں پناہ گزینوں کا تحفظ حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

اس بارے میں قواعد موجود ہیں کہ کون پناہ گزین کے طور پر دعویٰ کر سکتا ہے اور کس کو پناہ گزین کے طور پر قبول کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ:

- 24 جون 2020 کی تاریخ کے بعد کینیڈا میں داخل ہوئے ہوں، تو ایک سال گزرنے سے پہلے آپ کو پناہ گزین کا دعویٰ کرنا ہوگا
- ہٹانے کا حکم ہو جائے تو، آپ کینیڈا میں پناہ گزین کا دعوی نہیں کر سکتے

اور اگر آپ پناہ گزین کا دعویٰ کرنے کے لیے لمبے عرصے تک انتظار کرتے ہیں، تو ایسا لگ سکتا ہے کہ آپ واقعی خوفزدہ نہیں ہیں۔

جتنی جلد ممکن ہو آپ کو قانونی مشورہ لینا چاہیے۔

## میں کینیڈا کے اندر رہتے ہوئے پناہ گزین کا دعویٰ کیسے کروں؟

آپ کو پناہ گزین کا دعویٰ آن لائن امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا (IRCC) کے پورٹل میں کرنا ہوگا۔ آپ کو اپنے اور اپنے پناہ گزینوں کے دعوے کےبارے میں سوالات کے جواب دینے ہوں گے، اور اپنا بیسس آف کلیم (BOC) فارم اپ لوڈ کرنا ہوگا۔

آپ کا BOC ایک بہت اہم دستاویز ہے۔ اس میں آپ وضاحت کرتے ہیں کہ آپ کے ساتھ کیا ہوا اور آپ کے ملک میں آپ کو کیا خطرہ ہے۔ آپ کو مکمل اور درست معلومات دینی چاہیے۔

نوٹ کریں: پورٹ آف اینٹری پر پناہ گزین کا دعویٰ کرنے کا ایک مختلف عمل ہے۔ اور اگر آپ ریاستہائے متحدہ سے آ رہے ہیں تو مختلف اصول ہیں۔

## آگے کیا ہوتا ہے؟

آپ کو امیگریشن افسر کے ساتھ انٹرویو کی ایک تاریخ ملتی ہے۔ افسر فیصلہ کرتا ہے کہ آیا آپ پناہ گزین کا دعوی کرنے کے اہل ہیں۔

اگر آپ اہل ہیں، تو اس بات کا فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ پنا گزین ہیں، عموعی طور پر آپ کو پناہ گزینوں کی سماعت (hearing) پیش کی جائے گی۔

اگر آپ اہل نہیں ہیں، تو آپ کے پناہ گزین کا دعویٰ ختم ہو جاتا ہے اور آپ کینیڈا میں کبھی بھی دوسرا دعویٰ نہیں کر سکتے۔ عمومی طور پر آپ کو کینیڈا چھوڑ کر جانے کا حکم دیا جاتا ہے۔ لیکن آپ پری ریموول رسک اسسمنٹ (PRRA) کے لیے درخواست دینے کے قابل ہو سکتے ہیں جہاں آپ یہاں رہنے کو کہہ سکتے ہیں کیونکہ آپ کو اپنے ملک واپس جانے کا خطرہ ہے تو، فوری طور پر قانونی مدد حاصل کریں۔

## میری پناہ گزین کی سماعت پر کیا ہوتا ہے؟

آپ سے آپ کے پناہ گزین کے دعوے کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔ آپ نے جو کچھ بھی اپنے BOC میں کہا ہے اور آپ کے دعوے میں موجود دیگر شواہد کی بنیاد پر آپ کے جوابات کا موازنہ کیا جائے گا۔

## کیا مجھے اپنے پناہ گزین کے دعوے میں مدد مل سکتی ہے؟

جی ہاں یہ ضروری ہے کہ آپ کسی ایسے وکیل سے مشورہ لیں جو کینیڈا کے ریفیوجی قانون کو جانتا ہو۔ اگر آپ استطاعت نہ رکھتے ہوں تو لیگل ایڈ اونٹاریو (LAO) آپ کے وکیل کے لیے ادائیگی کر سکتا ہے۔

یا، آپ لاء سوسائٹی آف اونٹاریو (Law Society of Ontario) کے لائسنسڈ یافتہ پیرالیگل (paralegal) سے بھی مدد حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ یا کالج آف امیگریشن اینڈ سٹیزن شپ کنسلٹنٹس (College of Immigration and Citizenship Consultants) کے ذریعے لائسنس یافتہ رجسٹرڈ کینیڈین امیگریشن کنسلٹنٹ (Registered Canadian Immigration Consultant) سے۔

## اگر میرا پناہ گزین کا دعوی قبول کر لیا جائے تو کی ہوگا؟

آپ کینیڈا میں رہ سکتے ہیں اور مستقل رہائشی بننے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ اپنے شادی شدہ یا کامن لا پارٹنر، ذیر کفالت بچوں اور ان کے ذیر کفالت بچوں کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

**اگر آپ اپنے آبائی ملک میں مختصر وقت کے لیے بھی سفر کرتے ہیں، وہاں سے پاسپورٹ کے لیے درخواست دیتے ہیں، وہاں سے پاسپورٹ استعمال کرتے ہوئے سفر کرتے ہیں، وہاں منتقل ہوتے ہیں، گھر خریدتے ہیں، یا وہاں کوئی کاروبار شروع کرتے ہیں، تو آپ اپنا پناہ گزین کا تحفظ (ریفیوجی پروٹیکشن) اور مستقل رہائشی کی حیثیت کھو سکتے ہیں۔ ایسا اس وقت بھی ہو سکتا ہے کہ اگرآپ کو کینیڈا کے علاوہ کسی دوسرے ملک کی شہریت مل جاتی ہے۔**

### اگر میرا پناہ گزین کا دعوی مسترد کر دیا جائے تو کیا ہوگا؟

آپ کو کینیڈا چھوڑنے پر مجبور کیا جا سکتا ہے۔ اپنے اختیارات کے بارے میں فورا" قانونی مشورہ حاصل کریں۔ آپ فیصلے کو چیلنج کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر کچھ لوگ ریفیوجی اپیل ڈویژن میں اپیل کر سکتے ہیں۔ تحریری فیصلہ ملنے کے 15 دنوں کے اندر اپیل دائر کی جانی چاہیے۔

کچھ لوگ وفاقی عدالت سے فیصلے پر نظرثانی کے لیے کہنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ اسے جوڈیشیل ریویو کہا جاتا ہے۔ اسے فیصلے کی اطلاع ملنے کے 15 دنوں کے اندر دائر کیا جانا چاہیے۔

**کینیڈا میں قانونی طور پر رہنے کے دیگر طریقے ہو سکتے ہیں۔ یہ صرف عام معلومات ہے۔**

## مدد کیسے حاصل کی جائے

**211 اونٹاریو (Ontario 211)** ایک معلوماتی اور حوالہ فراہم کرنے والی ہاٹ لائن ہے جو بہت سی زبانوں میں مد دفراہم کرتی ہے۔ وہ روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن کا لوصول کرتے ہیں۔

- قانونی مدد کہاں پر حاصل کرنا ہے، اور
- دوسری قسم کی مدد کے لیے کسی سیٹلمنٹ ایجنسی یا کمیونٹی ایجنسی سے کیسے رابطہ کیا جائے۔

211 اونٹاریو سے رابطہ کے لیے:

☎ فون............................**211**

☎ ٹی ٹی وائی....................**1-888-340-1001**

💻 **211Ontario.ca**

آپ مقامی لائبریری یا کمیونٹی لیگل کلینک سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی آمدنی کم ہے توآپ LAO کو **1-800-668-8258** پر کال کر کے وکیل کی طلب کر سکتے ہیں؛ یا اپنےمقامی قانونی کلینک سے متعلق معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

کلیو کمیونٹی لیگل ایجوکیشن آنٹیریو (Community Legal Education Ontario / Éducation juridique communautaire Ontario) نے کلیو سکس لینگوئیج ایڈوائزری گروپ (CLEO Six Languages Advisory Group) جو کہ 10 رکن ایجنسیوں پر مبنی ہے، کے تعاون سے تیار کیا۔
معالی معاونت آنٹیریو ٹریلیم فاؤنڈیشن (Ontario Trillium Foundation) اور لیگل ایڈ آنٹیریو (Legal Aid Ontario) نے فراہم کی کی ہے۔
CLEO کی **Steps to Justice** ویب سائٹ پر عمومی قانونی مسائل کے متعلق مرحلہ وار انفارمیشن موجود ہے۔
**stepstojustice.ca**-وزٹ کریں
ان صفحات اور مزید معلومات لوڈ کرنے کیلئے برائے مہربانی **cleo.on.ca** ملاحظہ کریں۔